1

4510CH01

کسان کی دُعا

اے جگ داتا، جگ کے سہارے   اے ہم سب کے پالن ہارے

کھیتوں کو پانی سے بھر دے

ندّی نالے جل تھل کر دے

اے جگ داتا، جگ کے سہارے   اے ہم سب کے پالن ہارے

ہر کوٹھے میں دھان بھرے ہوں

گیہوں سے کھلیان بھرے ہوں

خوش ہوں گاؤں والے سارے

اے جگ داتا، جگ کے سہارے　　اے ہم سب کے پالن ہارے

ہریالی ہو دھرتی ساری

چارا پائیں گائیں ہماری

بہنے لگیں پھر دودھ کے دھارے

اے جگ داتا، جگ کے سہارے　　اے ہم سب کے پالن ہارے

(افسرؔ میرٹھی)

مشق

لفظ اور معنی:

جگ داتا	:	اللہ، دنیا کو دینے والا
پالن ہار	:	پالنے والا، پرورش کرنے والا
جل تھل کر دینا	:	پانی سے بھر دینا
کوٹھا	:	اناج رکھنے کی جگہ، گودام
کھلیان	:	وہ جگہ جہاں فصل کاٹ کر رکھی جاتی ہے

غور کیجیے:

- اس نظم میں جگ داتا، جگ کے سہارے اور پالن ہارے خدا کو کہا گیا ہے۔ یہاں شاعر نے اچھی بارش، اچھّی فصل، جانوروں کے لیے چارے، ہر طرف ہریالی اور خوش حالی کی دعا کی ہے۔

سوچیے، بتائیے اور لکھیے:

1۔ 'ندّی نالے جل تھل کر دے' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

2۔ 'ہر کوٹھے میں دھان بھرے ہوں' کا مطلب لکھیے۔

3۔ گاؤں والے کب خوش ہوتے ہیں؟

4۔ دودھ کے دھارے بہنے کے کیا معنی ہیں؟

5۔ کھلیان کسے کہتے ہیں؟

نیچے دیے ہوئے مصرعوں کو صحیح لفظوں سے مکمّل کیجیے :

کھیتوں کو .... سے بھر دے   ندّی .... جل تھل کردے

ہر کوٹھے میں .... بھرے ہوں   گیہوں سے .... بھرے ہوں

ہریالی ہو .... ساری   چارا پائیں .... ہماری

نیچے دیے ہوئے لفظوں سے جملے بنائیے اور خالی جگہ میں لکھیے :

پالن ہار	....
جل تھل	....
کھلیان	....
دھرتی	....
چارا	....

پڑھیے، سمجھیے اور لکھیے :

کسان	کھیت	پانی	گیہوں

- اوپر دیے ہوئے الفاظ کسی شخص، جگہ یا چیز کے نام ہیں۔

کسی شخص، جگہ یا چیز کے نام کو 'اِسم' کہتے ہیں۔

- آپ بھی اس نظم سے چھے اسم تلاش کرکے دی ہوئی جگہوں میں لکھیے:

- .... - .... - ....
- .... - .... - ....

نیچے دی ہوئی تصویروں کو غور سے دیکھیے اور ان کے نیچے اس نظم کے وہ بند لکھیے جن میں ان تصویروں کو الفاظ میں ڈھالا گیا ہے:

- ....
- ....

- ....
- ....
- ....

- ....
- ....
- ....

مثال کے مطابق نیچے دیے ہوئے لفظوں کی جمع بنائیے:

مثال: بچّہ — بچّوں، بچّے

کوٹھا ....

ندی ....

لاٹھی ....

کتاب ....

نظم کے مطابق نیچے دیے ہوئے لفظوں کے جوڑے بنا کر لکھیے:

مثال: داتا جگ

◆ جگ + داتا = جگ داتا

کھیت، ندی، نالے، تھل، ہار، جل، پاپن، کھلیان

◆ .... + ... = ...

◆ .... + ... = ...

◆ .... + ... = ...

◆ .... + ... = ...

مشق: بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے:

دھان گیہوں کھلیان سہارے کھیت

اس نظم کو زبانی یاد کیجیے: